# اروناآصف علی

دہلی کے ٹاؤن ہال کے سامنے چاندنی چوک میں ایک جلسہ ہو رہا ہے۔ ہزاروں کا مجمع ہے۔ جلسے میں مَرد بھی ہیں اور عورتیں بھی ۔ ایک صاحبہ بیچ میں ایک کُرسی پر کھڑی تقریر کررہی ہیں۔ تھوڑی دیر پہلے اُنھوں نے کانگریس کا جھنڈا لہرایا تھا۔ تقریر میں کہہ رہی تھیں کہ کانگریس نے ''ہندوستان چھوڑو'' کا نعرہ دیا ہے۔ انگریزی حکومت نے سب بڑے لیڈروں کو گرفتار کرلیا ہے۔ ہندوستان بہت بڑا مُلک ہے۔ یہاں کا ہر باشندہ لیڈر ہے۔ ہم انگریزوں کو ہندوستان سے جانے پر مجبور کردیں گے۔



ایک طرف سے شور اٹھا۔ ''پولیس آ گئی۔'' وہ صاحبہ کُرسی سے کود کر بھیڑ میں غائب ہوگئیں۔ پولیس ان کی تلاش میں تھی لیکن انھیں گرفتار نہ کرسکی۔ ان کو گرفتار کرنے یا گرفتار کرانے والے کے لیے پانچ ہزار روپیے کا اعلان تھا۔

یہ صاحبہ تھیں ارونا آصف علی، کانگریس کی بڑی لیڈر، آزادی کی تحریک کی بہادر سپاہی، ''ہندوستان چھوڑو تحریک'' کی ہیروئن۔ ارونا کے ماں باپ بنگالی تھے۔ وہ ہریانہ میں کالکا کے مقام پر رہتے تھے۔ وہیں 1909 میں ارونا پیدا ہوئیں۔ بنگالی اور خاص طور پر بنگالی برہمن مذہبی اور سماجی معاملات میں بہت سخت تھے۔ عورتوں کو کوئی آزادی حاصل نہ تھی۔ وہ پردے میں رہتی تھیں۔ پڑھ لکھ نہ سکتی تھیں۔

راجہ رام موہن رائے ایک بڑے اِصلاح پسند تھے۔ انھوں نے بنگال میں ایک جماعت بنائی، برہموسماج۔ یہ رَوشن خیال لوگ تھے۔ ان کے یہاں عورتوں پر پابندیاں نہ تھیں، وہ پڑھ لکھ سکتی تھیں۔ ملازمت بھی کرسکتی تھیں۔ ارونا کے باپ بھی برہموسماجی تھے۔ ارونا اسی ماحول میں پلیں، بڑھیں۔ انھوں نے تعلیم حاصل کی، بی۔اے پاس

© NCERT not to be republished

کیا، کانگریس میں کام کرنے لگیں۔ الہ آباد میں ان کی ملاقات کانگریس کے ایک بڑے لیڈر آصف علی سے ہوئی۔ ان دونوں نے شادی کر لی۔

نمک بہت سَستی اور معمولی چیز تھی۔ انگریزی حکومت نے اس پُر ٹیکس لگا دیا۔ اس کے بنانے پر پابندی لگادی۔ گاندھی جی نے ڈانڈی مارچ کے بعد سمندر کے پانی سے نمک بنایا۔ انھیں اور ان کے ساتھیوں کو گرفتار کرلیا گیا۔ پورے ملک میں نمک بنا کر قانون توڑا گیا، ستیہ گرہ ہوا۔ یہ 1931 کی بات ہے۔ ارونا بھی گرفتار ہوئیں۔ لیکن ''ہندوستان چھوڑو تحریک'' میں گرفتار نہ ہوئیں۔ باہر رہ کر کام کیا۔ آزادی ملنے کے بعد ارونا جی تعلیم وتدریس کی بہتری کے کام میں لگ گئیں۔ انھیں دہلی کا میئر بھی بنایا گیا۔ میئر کے عہدے کی مدّت ختم ہوئی تو پھر عورتوں کی بھلائی کے کام میں لگ گئیں۔

1997 میں 88 سال کی عمر میں ان کا انتقال ہو گیا۔ ہندوستان میں بہت اچھّے اور بڑے سماجی کام کرنے والوں کو ایک اعزاز دیا جاتا ہے جسے 'بھارت رتن' کہتے ہیں۔ اب تک جن تین عورتوں کو یہ اعزاز ملا ہے اُن کے نام ہیں اندرا گاندھی، مدر ٹریسا اور ارونا آصف علی۔

## 1. لفظ اور معنی

| | | |
|---|---|---|
| باشندہ | : | رہنے والا |
| مجمع | : | بھیڑ، ہجوم |
| عظیم | : | بڑا |
| اعزاز | : | خطاب، انعام |

## 2. غور کیجیے

- تحریک : کسی ایک مقصد کو حاصل کرنے کے لیے مل جُل کر کی گئی کوشش۔
- برہمو سماج : بنگال کے رَوشن خیال لوگوں کی ایک اصلاح پسند سماج۔

© NCERT not to be republished

- ڈانڈی مارچ : نمک ستیہ گرہ کے لیے گاندھی جی اور ان کے ساتھیوں کا ڈانڈی مقام پر سمندر تک جانا۔
- نمک ستیہ گرہ : نمک قانون کے خلاف پُرامن احتجاج۔

## 3. سوچیے، بتایئے اور لکھیے

(الف) ارونا جی کُرسی پر کھڑی ہوکر کہاں تقریر کر رہی تھیں؟

(ب) وہ کُرسی سے کود کر بھیڑ میں کیوں غائب ہوگئیں؟

(ج) ارونا جی کو ’’ہندوستان چھوڑو تحریک‘‘ کی ہیروئن کیوں کہا گیا؟

(د) ’بھارت رتن‘ کن خواتین کو دیا گیا؟

## 4. خالی جگہوں کو نیچے لکھے لفظوں سے بھریے

اندرا گاندھی غائب باشندہ لیڈروں اِصلاح مدر ٹریسا

(الف) انگریزی حکومت نے سب بڑے.................کو گرفتار کرلیا ہے۔

(ب) یہاں کا ہر.................لیڈر رہے۔

(ج) ارونا آصف علی کُرسی سے کود کر بھیڑ میں.................ہوگئیں۔

(د) راجہ رام موہن رائے ایک بڑے.................پسند تھے۔

(و) ارونا جی کے علاوہ.................اور.................کو بھی بھارت رتن کا اعزاز ملا۔

## 5. مندرجہ ذیل میں سے ہر ایک کے چار جواب دیے گئے ہیں۔ ان میں سے صحیح جواب پر (✓) کا نشان لگایئے

(الف) پولیس نے ارونا جی کی گرفتاری پر کتنا انعام رکھا؟

- پانچ ہزار ☐
- پچاس ہزار ☐
- ایک ہزار ☐
- پانچ لاکھ ☐

© NCERT not to be republished

(ب) انگریزی حکومت نے کس چیز پر ٹیکس لگایا ؟

- پانی پر ☐
- ہَوا پر ☐
- نمک پر ☐
- زمین پر ☐

(ج) برہموسماج جماعت کس نے بنائی ؟

- گاندھی جی نے ☐
- راجہ رام موہن رائے نے ☐
- اندرا گاندھی نے ☐
- کانگریس نے ☐

## پڑھیے سمجھیے اور لکھیے

6. (الف) دہلی میں ایک جلسہ ہو رہا ہے۔
(ب) ارونا آصف علی تقریر کر رہی ہیں۔
(ج) ہندوستان بہت بڑا ملک ہے۔
(د) گاندھی جی نے ڈانڈی مارچ کے بعد سمندر کے پانی سے نمک بنایا۔

ان جملوں میں دہلی، ارونا آصف علی، ہندوستان، ملک، گاندھی جی، سمندر اور نمک اسم یعنی نام ہیں۔ دہلی ایک خاص شہر کا نام ہے، ہر شہر کو دہلی نہیں کہتے۔ ہندوستان ایک خاص ملک کا نام ہے، ہر ملک کو ہندوستان نہیں کہتے۔

سمندر کہنے سے کوئی خاص سمندر مراد نہیں ہوتا۔ اسی طرح سے جلسہ اور ملک کہنے سے کوئی خاص جلسہ یا ملک مراد نہیں ہے۔

- ایسے 'اسم' جن سے کسی خاص جگہ یا شخص کا نام ظاہر ہو 'اسم خاص' کہلاتے ہیں۔
جس 'اسم' سے کوئی عام جگہ یا شخص کا نام ظاہر ہو 'اسم عام' کہتے ہیں۔

- نیچے لکھے ہوئے لفظوں کو خانوں کے مطابق لکھیے

دہلی مرد ٹاؤن ہال کرسی عورت چاندنی چوک جھنڈا

| ہندوستان | لیڈر | کاکا | پولیس | اردو نا | بنگال | نمک |
|---|---|---|---|---|---|---|
| گاندھی جی | اندرا گاندھی | ہریانہ | روپے | پانی | بھارت رتن | ٹیکس |

| اِسم | شخص کا نام | جگہ کا نام | چیز کا نام |
|---|---|---|---|
| 1 | | | |
| 2 | | | |
| 4 | | | |
| 5 | | | |
| 6 | | | |
| 7 | | | |

## 7. اِن لفظوں کو مثال کے مطابق الگ الگ کرکے لکھیے

مثال :

| مجمع | م + ج + م + ع |
|---|---|
| تقریر | |
| حکومت | |
| طریقہ | |
| اعزاز | |
| تحریک | |
| معاملات | |

## 8. صحیح لفظ چُن کر مُحاورہ پورا کیجیے

(الف) آپے سے......................ہونا۔ (اندر/ باہر/ اوپر)

(ب) تھک کر......................ہوجانا۔ (چور/ مور/ حور)

© NCERT not to be republished

(ج) باغ باغ ........................ ۔ (ہونا/رونا/گھومنا)

(د) آنکھیں ......................ہونا۔ (سات/چار/آٹھ)

(ہ) ................................ چُرانا۔ (ناک/کان/آنکھ)

(و) دانت...................... کرنا۔ (نمکین/کھٹے/میٹھے)

(ز) ..................... پر پتّھر رکھنا۔ (ہاتھ/پیر/چھاتی)

9. اِن تصویروں کو پہچانیے اور باکس میں ان کے نام لکھیے







© NCERT not to be republished







© NCERT
not to be republished